سوال

مسجد میں نماز عید کی ادائیگی

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا عید کی نماز مسجد میں ہوجاتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر مجبوری ہو تو عید کی نماز مسجد میں ہوجاتی ہے۔ امیر المومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یاَأَیُّهَا النَّاسُ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْرُجُ بِالنَّاسِ إِلَى الْمُصَلَّى يُصَلِّي بِهِمْ لِأَنَّهُ أَرْفَقُ "

اے لوگو! بے شک رسول اللہ ﷺ لوگوں کو عید گاہ لے جاتے تاکہ انھیں نماز پڑھائیں۔ یہ بات زیادہ آسان اور وسعت والی تھی اور (چونکہ) مسجد میں وہ لوگ سما نہیں سکتے تھے۔ پس اگر بارش ہو تو مسجد میں (عید کی) نماز پڑھ لو۔ یہ زیادہ آسان بات ہے۔ (السنن الکبریٰ للبیهقی ج3ص103 وسندہ قوی)

اس سلسلے میں ایک ضعیف حدیث بھی مروی ہے۔ دیکھئے سنن ابی داوٗد (ح1160)

لیکن ضعیف روایت کا ہونا یا نہ ہونا برابر ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص453

محدث فتویٰ